PAKISTAN DOMESTIC SEASON 2019-20 14 SEP - 24 APR
CRICKET CHAMPIONS Inspiring the Nation

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کےنویں راؤنڈ کا دوسرا روز مکمل

- ناردرن کے آفاق رحیم کی سنچری
- سدرن پنجاب کے خلاف سندھ کو برتری حاصل
- سنٹرل پنجاب کے احمد صفی عبداللہ کے 6 شکار

لاہور، 15نومبر2019ء:

نیا ناظم آباد گراؤنڈ کراچی میں بلوچستان نے ناردرن کے خلاف دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان کے 5 رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل بلوچستان کے 293 رنز کے جواب میں ناردرن کی ٹیم بھی پہلی اننگز میں مقررہ 83 اوورز میں7وکٹوں کے نقصان پر293 رنزبناسکی۔ اوپنر آفاق رحیم نے 103 رنز کی اننگز کھیلی۔ سرمد بھٹی نے 94 رنز اسکور کیے۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان چوتھی وکٹ کے لیے110 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔بلوچستان کے علی شفیق نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔میچ کے آخری روز بلوچستان کی جانب سے گلریز صدف اور حسیب اعظم کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

دوسری جانب این بی پی اسٹیڈیم کراچی میں سندھ نے سدرن پنجاب کے خلاف دوسری اننگز میں 68 رنز کی مجموعی سبقت حاصل کرلی ہے جبکہ ابھی اس کی دس وکٹیں باقی ہیں۔ اس سے قبل سندھ کے 328 رنز کے جواب میں سدرن پنجاب کی پوری ٹیم 272 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ محمد عمیر کے علاوہ سدرن پنجاب کا کوئی بلے باز بھی زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکا۔ محمد عمیر 64 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ سندھ کی جانب سے محمد عمر نے 4 اور عدیل ملک نے 3کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 56 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سندھ کی ٹیم نے بغیر کسی نقصان کے 12 رنز بنائے تھے کہ کم روشنی کے باعث میچ کے دوسرے روز کا کھیل ختم کردیا گیا۔ آخری روز عماد عالم 8 اور جاہد علی 2 کے انفرادی اسکور سے سندھ کی دوسری اننگز کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

ادھراقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں سنٹرل پنجاب نےخیبرپختونخوا کے 290 رنز کے جواب میں1وکٹ کے نقصان پر 107 رنز بنالیے ہیں۔ 3 وکٹوں کے نقصان پر 163 رنز سے اننگز کا آغاز کرنے والی خیبرپختونخوا کی ٹیم کے بلے باز سنٹرل پنجاب کے اسپنر احمد صفی عبداللہ کی گھومتی گیندوں کے سامنے بے بس نظر آئے اور پوری ٹیم 290 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ احمد صفی عبداللہ نے 6کھلاڑیوں پویلین کی راہ دکھائی۔ جواب میں عبداللہ شفیق اور محمد اخلاق پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے سنٹرل پنجاب کو 91 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔ عبداللہ شفیق 64 رنزبناکر کریز پر موجود ہیں تاہم محمد اخلاق 34 رنزبناکر پویلین واپس لوٹ چکے۔ علی زریاب 7 رنز کے انفرادی اسکور سے عبداللہ شفیق کے ہمراہ کھیل کے آخری روز کا آغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk